Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

اسٹیٹ گزٹ رامپور ۔

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۱ مطبوعہ روز پنجشنبہ بتاریخ ۲۳ ربیع الاول سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۲ مئی سنہ ۱۹۴۰ع جلد ۵۳

حصہ اول

غیر معمولی گزٹ

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء

صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

تاریخ امروزہ میں تقرر صدر و نامزدگی ممبران مجلس مقننہ کے متعلق اجلاس ہمایوں سے روبکار صادر کئے گئے ہیں یہ روبکار ۲ مئی سنہ ۱۹۳۰ء کو غیر معمولی گزٹ میں شائع کرائے جائیں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

برائے انتظام حسب منشائے ہمایوں اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو

یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

روبکار:- واقع یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء

تحت دفعہ ۳۴ دستور اساسی مجلس مقننہ حکم دیا جاتا ہے کہ دفعہ ۱۳ دستور اساسی میں فقرہ کے ختم پر حسب ذیل عبارت اضافہ کیجائے:-

"صدر مجلس مقننہ بعد تقرر اور ادائے فرائض سے قبل عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے سامنے بطریقہ ذیل حلف لیں گے۔

"میں فلاں مجلس ہذا کا صدر مقرر ہو کر حلف یا اقرار صالح کرتا ہوں کہ میں اعلیٰ حضرت حضور پرنور فرمانروائے ریاست رامپور دام اقبالہم وملکہم اور ان کے ورثاء و قائم مقاموں کا وفادار و حامی رہوں گا اور انکی سچی اطاعت کروں گا۔ نیز یہ کہ جو فرض مجھ پر عنقریب عائد ہونے کو ہے اسے سچائی کیساتھ انجام دوں گا"

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء

حسب دفعہ ۳ دستور اساسی مجلس مقننہ مابدولت واقبال حکم صادر فرماتے ہیں کہ ۸ مئی سنہ ۱۹۳۰ء سے مجلس مقننہ ریاست رامپور وجود میں آئے گی اور تاریخ مذکور سے کمیٹی واضع قوانین برخاست ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع یکم مئی سنہ ۱۹۴۰ء

حسب دفعہ ۱۳ دستور اساسی مجلس مقننہ عالیقدر صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی کو "صدر مجلس مقننہ" اور حسب دفعہ ۱۵ دستور اساسی مجلس مقننہ منشی بشیر احمد خاں اسسٹنٹ اسٹیٹ ایڈوکیٹ کو "سکریٹری مجلس مقننہ" مقرر کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع یکم مئی سنہ ۱۹۴۰ء

بمنشائے دفعہ ۴ ضمن (۲) (ب) دستور اساسی مجلس مقننہ حسب ذیل بارہ سرکاری ممبران مجلس مقننہ نامزد کئے جاتے ہیں:-

(۱) عالی مرتبت مسٹر سید بشیر حسین زیدی صاحب بہادر چیف منسٹر

(۲) عالی مرتبت مسٹر آر- ایچ سیکو صاحب بہادر ریونیو و فائنانس منسٹر

(۳) عالی مرتبت صاحبزادہ عبدالجلیل خاں صاحب بہادر ہوم منسٹر۔

(۴) عالی مرتبت مسٹر اے- جی ایونز صاحب بہادر انسپکٹر جنرل پولیس

(۵) عالی مرتبت کرنل سی- بی- اسال صاحب بہادر چیف کمانڈنٹ ملٹری سکریٹری۔

(۶) خاں صاحب مسٹر سید ضمیر احمد ہاشمی بہادر ڈپٹی ریونیو منسٹر۔

(۷) ڈاکٹر احسان محمد خاں صاحب بہادر فائنانس سکریٹری۔

(۸) مسٹر اندر پرشاد سیونی صاحب بہادر سکریٹری انہار

(۹) مسٹر رام احمد صاحب بہادر ڈائرکٹر محکمہ زراعت

(۱۰) مرزا ناصر الدین مسعود صاحب بہادر سکریٹری اسٹیٹ کونسل

(۱۱) صاحبزادہ سید واجد علی خاں بہادر سکریٹری صنعت وحرفت

(۱۲) مسٹر بابو لال گپتا ایگزیکیٹو انجینیر تعمیرات

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع یکم مئی سنہ ۱۹۴۰ء

حسب منشاء دفعہ (۴) دستور اساسی مجلس مقننہ ممبران کا انتخاب عمل میں آچکا ہے جس کا نتیجہ عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی نے بتاریخ ۲۸ اپریل برائے اشاعت اسٹیٹ پریس کو بھیجدیا ہے حسب دفعہ (۵) دستور اساسی مجلس مقننہ غیر سرکاری ممبران بصراحت ذیل نامزد کئے جاتے ہیں:-

(۱) **الف:-** روہیلہ

(۱) صاحبزادہ ذوالظفر خاں بہادر صاحبزادہ میجر حمید الظفر خاں بہادر ملٹری الاٹی، وڈ۔

(۲) محمد زمان خاں صاحب ولد محمد شیر زمان خاں صاحب سرکنہ

ب۔ اہل حرفہ

پیارے لال ولد بسنت لال سنار مسجد کہنہ والی

ج۔ مزدور پیشہ

عالم مرزا ولد ناظم مرزا ملازم شوگر فیکٹری

د۔ پست ماندہ اقوام

چودھری نتھو ولد بہاری تیلی کنندہ خاص

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء

حسب دفعہ ۱۴ ضمن ۴ - دستور اساسی

مجلس منتظمہ نائب صدر مجلس منتظمہ کا چھ سو روپیہ سالانہ الاؤنس مقرر کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء

تحت دفعہ (۲۱) دستور اساسی

مجلس منتظمہ حکم دیا جاتا ہے کہ غیر سرکاری ممبران مجلس منتظمہ وہی الاؤنس و سفر خرچ پانیکے مستحق ہوں گے۔ جو تحت دفعہ ۵۲ قواعد سفر خرچ ممبران کمیٹی واضع قوانین کے لئے منظور کیا گیا تھا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
